احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 3 نومبر 2008ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10 -FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 3 نومبر 2008ء 4 ذیقعد 1429 ہجری 3 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 251

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کی دوستی

دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ دوستی پکی کرتا ہے تو دنیا کے لوگ اپنی دوستی کا حق ادا کرتے ہیں۔ وہ کون دوست ہے جس کے ساتھ سلوک کیا جاوے تو وہ بے تعلقی ظاہر کرے۔ ایک چور کے ساتھ ہمارا سچا تعلق ہو تو وہ بھی ہمارے گھر میں نقب زنی نہیں کرتا، تو کیا خداتعالیٰ کی وفا چور کے برابر بھی نہیں۔ خداتعالیٰ کی دوستی تو وہ ہے کہ دنیاداروں میں اس کی کوئی نظیر ہی نہیں۔ دنیاداروں کی دوستی میں تو غدر بھی ہے۔ تھوڑی سی رنجش کے ساتھ دنیادار دوستی توڑنے کو تیار ہوجاتا ہے۔ مگر خداتعالیٰ کے تعلقات پکے ہیں۔ جو شخص خداتعالیٰ کے ساتھ دوستی کرتا ہے خداتعالیٰ اس پر برکات نازل کرتا ہے۔ اس کے گھر میں برکت دیتا ہے۔ اس کے کپڑوں میں برکت دیتا ہے۔ اس کے پس خوردہ میں برکت دیتا ہے۔

بخاری میں ہے کہ نوافل کے ذریعہ سے انسان خداتعالیٰ سے تعلق پیدا کرتا ہے۔ نوافل ہر شئے میں ہوتے ہیں۔ فرض سے بڑھ کر جو کچھ کیا جائے وہ سب نوافل میں داخل ہے۔ جب انسان نوافل میں ترقی کرتا ہے تو خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کی آنکھ ہوجاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کی زبان ہو جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔ خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میرے ولی سے مقابلہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہوجائے۔ خداتعالیٰ کے ساتھ سچی محبت کرنے والے بھی غنی، بے نیاز ہوجاتے ہیں۔ لوگوں کی تکذیب کی کچھ پروا نہیں رکھتے۔ جو لوگ خلقت کی پروا کرتے ہیں وہ خلق کو معبود بناتے ہیں۔ خداتعالیٰ کے بندوں میں ہمدردی بہت ہوتی ہے۔ مگر ساتھ ہی ایک بے نیازی کی صفت بھی لگی ہوئی ہے۔ وہ دنیا کی پروا نہیں کرتے۔ آگے خداتعالیٰ کا فضل ہوتا ہے کہ دنیا کھچی ہوئی ان کی طرف چلی آتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 506)

گھاس کا کفن

حضرت مصعب بن عمیرؓ مکہ کے نوجوانوں میں سب سے زیادہ خوش پوش سمجھے جاتے تھے اور بڑے ناز ونعمت میں رہتے تھے مگر اسلام لانے کے بعد ان کی حالت بالکل بدل گئی۔ جنگ احد میں جب حضرت مصعبؓ شہید ہوئے تو ان کے پاس اتنا کپڑا بھی نہیں تھا کہ جس سے ان کے بدن کو چھپایا جاسکتا، پاؤں ڈھانکتے تھے تو سر ننگا ہوجاتا اور سر ڈھانکتے تو پاؤں کھل جاتے تھے، چنانچہ آنحضرت ﷺ کے حکم سے سر کو کپڑے سے ڈھانک کر پاؤں کو گھاس سے چھپادیا گیا۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی۔ حالات احد حدیث نمبر:3741)

وقف جدید کو مضبوط بنانا ضروری ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

میں آپ لوگوں کو برابر تحریک کرتا رہا ہوں کہ وقف جدید کو مضبوط بنانا ضروری ہے لیکن اب تو کام کی وسعت کی وجہ سے اس کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ پس جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ کو مالوں میں ترقی دی ہے وہاں آپ کو سلسلہ کی ترقی کیلئے بھی دل کھول کر چندہ دینا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو توفیق دے کہ آپ وقت کی آواز کو سنیں۔ خدا کرے کہ آپ آسمان کی آواز کو بھی سنیں اور زمین کی آواز کو بھی سنیں تاکہ آپ کو سرفرازی حاصل ہو۔" (الفضل 31 دسمبر 1959ء)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ "مریم شادی فنڈ" ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

"اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔"

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خداتعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

☆☆☆

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے تاریخی سال میں منعقد ہونے والی

مدرسۃ الحفظ کی آٹھویں تقریب تقسیم اسناد

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان کے زیرانتظام مدرسۃ الحفظ کی آٹھویں تقریب تقسیم اسناد مورخہ 26/اکتوبر 2008ء کو شام پانچ بجکر 20 منٹ پر مدرسۃ الحفظ کے احاطہ میں منعقد ہوئی۔ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے بابرکت سال میں خدا تعالیٰ کے فضل سے 38 طلباء نے قرآن کریم حفظ کرنے کی توفیق پائی۔ دو دفعہ دوہرائی اور امتحان میں کامیابی کے بعد ان حفاظ کو اس تقریب میں اسناد دی گئیں۔ ان کا تعلق ربوہ کے علاوہ 13 شہروں سے ہے۔

اس تقریب میں حفاظ کے والدین ، بزرگان سلسلہ و مہمانان نے شرکت کی۔ مرد احباب کے لئے مدرسہ کے شمالی طرف اور خواتین کے لئے جنوبی طرف بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اس پروقار تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نظم سے ہوا۔ مکرم حافظ محمد شعیب صاحب استاد مدرسۃ الحفظ نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے مدرسۃ الحفظ کا تعارف کرایا۔ انہوں نے بتایا حضرت اقدس مسیح موعود کی دلی خواہش کے مطابق حضرت مصلح موعود کے دور خلافت میں 1920ء سے قبل قادیان میں حافظ کلاس کا آغاز ہوا جو مختلف مراحل سے گزر کر اب مدرسۃ الحفظ کے نام سے قائم ہے۔ اس مدرسہ میں قرآن کریم حفظ کرنے کے لئے تین سال اور دوہرائی کے لئے مزید چھ ماہ کا کورس مقرر ہے۔ دو مرتبہ دوہرائی کرنے کے بعد حافظ قرآن طلباء کا امتحان پہلے ادارے میں لیا جاتا ہے اور بعد میں ایکسٹرنل ایگزامینر امتحان لیتے ہیں ۔ آجکل محترم حافظ مظفر احمد صاحب یہ فریضہ سرانجام دے رہے ہیں اس وقت مدرسۃ الحفظ میں 120 طلباء کی گنجائش ہے۔ بیرون ربوہ سے آنے والے طلباء کے لئے ہوسٹل میں 53 کی گنجائش موجود ہے۔ جہاں طلباء کی تدریس کے علاوہ اجلاسات، تربیتی کلاس، علمی و ورزشی مقابلہ جات اور لائبریری سے استفادہ شامل ہے۔ شعبہ سمعی بصری کے تحت تلاوت قرآن کریم کی سی ڈیز اور کیسٹس رکھی گئی ہیں۔ طلباء کے تلفظ اور قراءت کو بہتر بنانے کے لئے روزانہ نصف گھنٹہ آڈیو کیسٹس اور سی ڈیز کے ذریعہ تلاوت قرآن کریم سکھائی جاتی ہے اور سال اول کے طلباء کو صحت تلفظ اور حفظ مکمل کرنے والے طلباء کو تجوید سکھائی جاتی ہے۔ دوران سال جماعتی تقریبات اور تربیتی موضوعات پر علماء سلسلہ کے لیکچرز کرائے جاتے ہیں۔ طلباء کی ذہنی و جسمانی نشوونما کیلئے ہر سال سالانہ علمی ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے اس کے علاوہ طلباء کیلئے تفریحی معلوماتی ٹورز بھی ہوتے ہیں۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ آٹھ سالوں کے دوران 190 طلباء حفظ قرآن کی سعادت پا چکے ہیں۔ اسناد حاصل کرنے والے نئے حفاظ میں 22 کا تعلق ربوہ سے تھا جبکہ دیگر طلباء گوجرانوالہ، مظفر گڑھ، راولپنڈی ، میر پور خاص ، خیر پور میرس، بہاولپور ، بہاولنگر، بھکر، خوشاب ، چکوال ، شیخوپورہ اور جہلم سے آئے تھے۔

رپورٹ کے بعد محترم مہمان خصوصی نے طلباء میں انعامات اور اسناد تقسیم کیں سفید یونیفارم ، سیاہ ویسٹ کوٹ اور سیاہ کیپ میں ملبوث حفاظ نے اسناد وصول کیں ۔ مدرسۃ الحفظ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے رحمۃ للعالمین ایوارڈ کا سلسلہ جاری کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ اول، دوم، سوم آنے والے ان طلباء کو دیا جاتا ہے جنہوں نے دوران سال کم عرصہ میں حفظ کیا ہو اور اس کے علاوہ دوہرائی ابتدائی اور فائنل ٹیسٹ میں مجموعی طور پر سب سے زیادہ نمبر حاصل کئے ہوں۔ اول انعام کے لئے 25 ہزار روپے' دوم کے لئے 15 ہزار روپے اور سوم کے لئے 10 ہزار روپے کی رقم مقرر کی گئی ہے۔ امسال اس بابرکت ایوارڈ کے لئے اول آنے والے طالب علم عزیزم حافظ محمود ثانی ابن مکرم طاہر احمد بلوچ صاحب گوٹھ صادق پور ضلع میر پور خاص، دوم عزیزم حافظ ثاقب قدیر ابن مکرم ڈاکٹر عبدالقدیر صاحب مرحوم کراچی اور سوم عزیزم حافظ جری اللہ ابن مکرم مطہر احمد شکرانی صاحب اوچ شریف ضلع بہاولپور تھے۔

تقسیم انعامات کے بعد محترم مہمان خصوصی نے خطاب فرمایا جس میں انہوں نے طلباء کو حفظ مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ حفظ کرنا ان کے لئے ، ان کے خاندان کے لئے ، ہم سب کے لئے اور ساری جماعت کے لئے مبارک فرمائے۔ جس دن کوئی قرآن کریم مکمل حفظ کرتا ہے وہ دن اس کے اور اس کے خاندان کیلئے یادگار اور اہم دن ہوتا ہے۔ لیکن جن بچوں نے امسال حفظ کیا ہے یہ ان کے لئے دوہری یادگار ہے ایک تو انہوں نے حفظ کیا ہے اور دوسرا یہ خلافت احمدیہ جوبلی کا سال ہے۔ خلافت کا بنیادی مقصد اور اہم کام قرآن کریم کی تعلیم کی ترویج اور اس کو دلوں میں بٹھانا ہے۔ خلافت جوبلی کے سال میں حفظ کرنا ان کے لئے ایک تاریخی خوشی اور دوہری یادگار ہے جو ان کو اور ان کے خاندان کو ہمیشہ یاد رہے گی۔ انہوں نے حفظ کے لئے محنت کی ہے اور کئی سال لگائے ہیں لیکن آئندہ قرآن کریم کو یاد رکھنا زیادہ محنت چاہتا ہے۔ اس بات کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے کہ اگر قرآن کریم کو یاد رکھنا ہے تو تسلسل کے ساتھ روزانہ کچھ نہ کچھ دوہرائی کرتے رہیں۔ کسی دن بھی چھوڑا تو سستی ہو جائے گی۔ جن بچوں نے حفظ کیا ہے ان کا اور والدین کا بھی فرض ہے کہ ان کو یاد کراتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو قرآن کریم یاد رکھنے اور اس کی تعلیم پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔ بعدہ مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

2008ء میں حفظ قرآن مکمل کرنے والے طلباء

نام	ولدیت	مقام	عرصہ حفظ
حافظ سید حمزہ احمد	مکرم سید مدثر احمد صاحب	ربوہ	4 سال 5 دن
حافظ فرحان احمد	مکرم عبدالحنان صاحب	ربوہ	3 سال 7 ماہ 1 دن
حافظ محمد یحییٰ	مکرم چوہدری محمد افضل صاحب	ربوہ	3 سال 5 ماہ 9 دن
حافظ سید حزقیل احمد	مکرم سید عبدالغفار صاحب	ربوہ	3 سال 1 ماہ 23 دن
حافظ حسان بن شاہد	مکرم شاہد احمد صاحب	ربوہ	3 سال 8 ماہ 27 دن
حافظ فرید احمد ناصر	مکرم شیخ سلطان احمد صاحب	ربوہ	3 سال 16 دن
حافظ ارسلان احمد مبشر	مکرم مبشر احمد مغل صاحب	ربوہ	3 سال 25 دن
حافظ کامران احمد	مکرم بشارت اللہ صاحب	ربوہ	2 سال 11 ماہ 19 دن
حافظ محمد شفیع	مکرم بشارت احمد ناصر صاحب مرحوم	ربوہ	2 سال 10 ماہ 5 دن
حافظ عبدالنور	مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب	ربوہ	3 سال 1 ماہ 14 دن
حافظ خواجہ منادی احمد	مکرم خواجہ ایاز احمد صاحب	ربوہ	3 سال 23 دن
حافظ اسامہ یعقوب	مکرم غازی محمد یعقوب صاحب	ربوہ	3 سال 7 ماہ 29 دن
حافظ احتشام احمد	مکرم نفیس احمد کاہلوں صاحب	ربوہ	3 سال 10 ماہ 7 دن
حافظ فرحان احمد مبشر	مکرم غلام مصطفیٰ مبشر صاحب	ربوہ	3 سال 10 ماہ 13 دن
حافظ فواد احمد	مکرم عبدالواحد صاحب	ربوہ	2 سال 3 ماہ 23 دن
حافظ بابر محمود	مکرم محمود احمد صاحب	ربوہ	2 سال 7 ماہ 18 دن
حافظ عدیل احمد	مکرم محمد عارف صاحب	ربوہ	2 سال 9 ماہ 12 دن
حافظ راجہ ظہیر احمد	مکرم راجہ رشید احمد صاحب	ربوہ	2 سال 3 ماہ 24 دن
حافظ مصور احمد	مکرم مبشر احمد ظفر صاحب	ربوہ	2 سال 3 ماہ 22 دن
حافظ منیر احمد ثاقب	مکرم شریف احمد صاحب	ربوہ	2 سال 7 ماہ 19 دن
حافظ احتشام احمد شاد	مکرم محمد اسلم شاد صاحب	ربوہ	1 سال 4 ماہ 27 دن
حافظ شہباز احمد	مکرم نذیر احمد صاحب	ربوہ	2 سال 9 ماہ 4 دن
حافظ مبشر احمد	مکرم ظفر احمد بلوچ صاحب	مظفر گڑھ	3 سال 19 دن
حافظ عقیان احمد	مکرم حافظ محمود احمد صاحب	مظفر گڑھ	2 سال 4 ماہ 17 دن
حافظ سجاد احمد	مکرم عبدالقدیر انجم صاحب	گوجرانوالہ	2 سال 8 ماہ 24 دن
حافظ آصف احمد	مکرم فضل احمد صاحب	گوجرانوالہ	2 سال 9 ماہ 3 دن
حافظ محمود ثانی	مکرم طاہر احمد بلوچ صاحب	میر پور خاص	1 سال 6 ماہ 13 دن
حافظ ثاقب قدیر	مکرم ڈاکٹر عبدالقدیر صاحب مرحوم	کراچی	1 سال 1 ماہ 12 دن
حافظ حارث احمد	مکرم الیاس احمد صاحب	خیر پور میرس	3 سال 4 ماہ 18 دن
حافظ جری اللہ	مکرم مطہر احمد شکرانی صاحب	بہاولپور	1 سال 6 دن
حافظ رانا کامران زاہد	مکرم رانا زاہد محمود صاحب	بہاولنگر	3 سال 10 ماہ 26 دن
حافظ شاہ زیب احمد	مکرم رفیع احمد شہزاد صاحب	خوشاب	2 سال 6 ماہ 25 دن
حافظ منصف احمد علی	مکرم شفیق الرحمٰن اطہر صاحب	بھکر	2 سال 4 ماہ 2 دن
حافظ عاقب منصور	مکرم خالد منصور صاحب	راولپنڈی	2 سال 9 ماہ 1 دن
حافظ ذکیر احمد	مکرم منصور احمد کھوکھر صاحب	راولپنڈی	2 سال 9 ماہ 10 دن
حافظ خرم بلال	مکرم رفیع احمد لنگاہ صاحب	جہلم	2 سال 9 ماہ 3 دن
حافظ اسامہ وحید	مکرم عبدالوحید صاحب مرحوم	چکوال	3 سال 11 ماہ 17 دن
حافظ محمد علی نواز	مکرم محمد نواز صاحب	شیخوپورہ	2 سال 11 ماہ 15 دن

(رپورٹ: ایف شمس)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مقبول احمد ظفر صاحب

عربی قصیدہ کی تاریخ و تدوین

قصائد سبع معلقہ اور ان کے شعراء کا تعارف

(قسط اول)

قصیدہ کیا ہے

عربی قصیدہ جس کے لئے قـصـیـد کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے تین حروف ق ‘ص‘ د سے نکلا ہے۔’’ القصید من الشعر ‘‘ اشعار کے اُس مجموعہ کو کہتے ہیں جس کے اشعار کے تمام اجزاء مکمل ہوں۔ابو منصور الازھری تھذیب اللغة میں لکھتے ہیں۔’’اشعار کے ایسے مجموعہ کو ’’قصید‘‘ اُس کے وزن کے کامل ہونے اور درست ہونے کی وجہ سے کہتے ہیں‘‘۔ابن جنی کہتے ہیں کہ اسے قصیدہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس کو لکھنے کا شاعر باقاعدہ قصد یعنی ارادہ کرتا ہے چاہے اُس کے اشعار کم ہوں یا اُن کے اوزان میں کسی قدر اضطراب بھی ہو۔ابن جنی کا یہ بھی قول ہے کہ تین شعروں کی نظم اور دس یا پندرہ شعروں کی نظم کو عرب قطعة کہتے تھے اور جس میں ان سے زائد اشعار ہوتے تو عرب اُس کو قصیدہ کہتے۔اَخفش کے مطابق قصیدہ میں بحر طویل اور بحر بسیط اور مدید اور وافر اور رجز اور خفیف وغیرہ اپنے کامل اجزاء کے ساتھ آتی ہیں۔

امام جوھری نے قصید کے لفظ کو قصیدة کی جمع قرار دیا ہے جیسے سفینة لفظ کی جمع سفین ہے اور بعضوں نے قصائد اور قصید دونوں کو قصیدة کی جمع قرار دیا ہے (لسان العرب تحت مادہ ق ص د)

زمانہ جاہلیت میں قصیدہ کا خاص انداز

اس لغوی بحث سے قطع نظر عربی ادب میں قصیدہ سے مراد کسی شاعر کا کئی اشعار پر مشتمل کلام ہے جو زمانہ جاہلیت میں ایک خاص طرز اور ترتیب اور خاص مضامین پر مشتمل ہوتا تھا قصائد کا مرکزی خیال تو محبوب کا ذکر‘ اُس سے شاعر کی محبت کا بیان اور اُس سے گفتگو ہی ہوتا لیکن ہر شاعر اپنے قصیدہ کے آغاز میں محبوب کی رہائش گاہ اور اس کے آثار پر کھڑے ہو کر اُس کی یاد میں روتا ہے یا صحراؤں اور اُس کے ٹیلوں کا ذکر کرتا ہے۔اُس کے بعد محبوب تک پہنچنے کے لئے وہ جو سواریاں یعنی اونٹ یا گھوڑا استعمال کرتا ہے ان کی کئی اشعار میں تعریفیں کرتا ہے یہاں سے پھر وہ اپنی قوم کی بہادری اور قوم کے اخلاق اور عادات و رسوم کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور ان کا بھی ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ان قومی اخلاق و عادات کو ایسے رنگ میں بیان کرتا ہے کہ اس کی قوم دوسری قوموں سے ممتاز لگے۔اس قومی فخر کے اظہار کے بعد وہ راستے میں آنے والے اشجار اور آسمان اور آسمان کے ستاروں وغیرہ اور تمام اردگرد کے ماحول اور قدرتی مناظر کا بھی بڑی خوبصورتی سے نقشہ کھینچتا ہے۔

قصیدہ کی یہ مندرجہ بالا حالت زمانہ جاہلیت کے تقریباً تمام قصائد میں مشترک ہے اور اسلام کے بعد بنو امیہ کے دور میں بھی شعراء قصیدہ کے اسی انداز کو نقل کرتے رہے۔بنو عباسیہ میں قصیدہ کے اندر اہمیت کے لحاظ سے نئے مضامین لائے گئے اور عربی شاعری کے اندر جدت پیدا کرنے والے شعراء پیدا ہوئے جنہیں ’’مولدین شعرا‘‘ کہتے ،جن میں مشہور شعراء بشار اور ابو نواس اور ابو تمام وغیرہ ہیں۔

قصائد کی جمع و تدوین

زمانہ جاہلیت کے عربی قصائد کی جمع و تدوین راویوں کی دست برد کی وجہ سے شکوک وشبہات کے دھندلکوں کے نیچے دبی ہوئی ہے عربی شاعری کی باقاعدہ تدوین کا آغاز دوسری صدی ہجری میں ہوا۔چونکہ لکھنے کا رواج کم تھا اس لئے زمانہ جاہلیت اور پھر اسلام کے زمانہ میں بھی شعراء اپنے راویوں کے ذریعہ اپنی شاعری کو محفوظ رکھتے مثلاً مشہور شاعر زھیر بن سلمی اپنے ماموں اوس بن حجر کے شعر کا راوی تھا اور زہیر بن سلمی کی شاعری کا راوی اس کا بیٹا کعب بن زھیر تھا اور کعب کا راوی الحُطیئة تھا اور الحُطیئة کا راوی ھذبة بن خشرم اور اس کا راوی جمیل اور جمیل کا راوی کثیر عزة تھا۔

راویوں کے اس سلسلہ کی طرح ہر شاعر اپنے ساتھ راوی رکھتا تھا جو اس کی شاعری آگے منتقل کرنے کے ذمہ دار ہوتے تھے۔اسلام کی آمد اور جنگوں اور اسلامی فتوحات کے زمانہ میں کئی راوی مر گئے۔علاوہ ازیں اس جنگی زمانے میں شاعری اور شاعری کی روایت کرنے کی طرف وہ توجہ نہ رہی جو پہلے تھی۔اموی اور عباسی دور میں جب دوبارہ تمدنی زندگی بحال ہوئی اور اسلامی سلطنت کے مستحکم ہونے کی وجہ سے لوگوں کے اجتماعات وغیرہ کا سلسلہ شروع ہوا تو پھر شاعری کی طرف توجہ ہوئی لیکن اس وقت تک پرانی شاعری کا بہت سا حصہ ضائع ہو چکا تھا۔

اموی دور اور عباسی دور کے ابتدائی سالوں میں بھی عربی شاعری کے بعض راوی مشہور ہوئے جن میں سے زیادہ مشہور حماد اور خلف الأحمر ہیں۔لیکن ان کی شاعری کو مذاق بنانے اور من گھڑت اشعار بنا بنا کر شاعروں کی طرف منسوب کرنے کے قصے اس کثرت سے مشہور ہیں کہ ان راویوں کے قریب کے دور میں ہی ناقدین یہ کہنے لگ پڑے کہ زمانہ جاہلیت کی طرف منسوب شاعری اور خصوصاً عربی شاعری کے سات مشہور قصیدے زمانہ جاہلیت کے ہیں ہی نہیں بلکہ بعد میں ان راویوں کے گھڑے ہوئے ہیں۔زمانہ جاہلیت کی شاعری پر یہ تنقید (خصوصاً سات قصائد پر) سب سے پہلے أبو جعفر النحاس متوفی 338 ہجری نے کی اس کے بعد متاخرین میں جرمن مستشرق نولڈکی اور ایک فرانسیسی پروفیسر کلیمے من ھیار نے بھی اسی نظریہ کی تائید کی۔عربی کے جدید اُدباء میں سے مصر کے اُدیب ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے اپنی کتاب ’’فی الأدب الجاھلی ، میں اس نظریہ کو تفصیل کے ساتھ اور بڑی شد و مد کے ساتھ پیش کیا ہے اور اس نظریہ کے حق میں قدیم عربی زبان اور اس دور کے رسم ورواج وغیرہ کو پیش کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ زمانہ جاہلیت کی طرف منسوب شاعری اس قدیم زبان اور قدیم رسم ورواج کے اظہار سے عاری ہے اس لئے یہ اس دور کی شاعری نہیں ہوسکتی۔لیکن بعض شعراء کے بعض نمونوں کا تسلسل کے ساتھ احادیث کی اہم کتب میں مذکور ہونا یہ بتاتا ہے کہ جاہلیت کی شاعری کے بعض حصے تو محفوظ حالت میں رہے اور اگر بعض حصے گھڑ بھی لئے گئے ہوں تو یہ بھی بعید از عقل نہیں کیونکہ جب احادیث گھڑنے کے شائقین نے کئی کئی ہزار احادیث گھڑ لیں تو جاہلیت کی شاعری کی طرف منسوب بعض شعر گھڑنے تو راویوں کے لئے نہایت ہی آسان امر رہا ہوگا۔اور اگر گھڑی بھی گئی تھی تو یہ شاعری عربی ادب کا شاہکار ہے اور نہایت شاندار ہے جس کا اندازہ پڑھنے سے ہی ہوتا ہے اور یہ کہنا بھی بالکل درست نہیں ہوگا کہ زمانہ جاہلیت کی طرف منسوب تمام کی تمام شاعری بعد کے دور کی ہے۔

جاہلیت کے قصائد میں سے صحیح ترین وہ انچاس (49) قصائد ہیں جو اُبو زید قرشی نے اپنی مشہور کتاب ’’جَمْهَـرَة أشعار العرب‘‘ میں جمع کئے ہیں۔ان میں سے سب سے مشہور قصائد وہ سات قصائد ہیں جنہیں ’’سبع معلقات،، یعنی سات لٹکائے ہوئے قصیدے کہتے ہیں۔ان کے بارے میں یہ روایت ہے کہ یہ قصائد اپنی عمدگی کی وجہ سے عربوں میں وہ مقام پا گئے تھے کہ عربوں نے اپنی پسندیدگی اور قصائد کی عظمت کے اظہار کے لئے اُنہیں خانہ کعبہ پر لٹکایا ہوا تھا۔

سبع معلقات

زمانہ جاہلیت کی شاعری میں سے سب سے محفوظ اور قابل اعتماد اور مستند حصہ وہ سات قصائد ہیں جو زمانہ جاہلیت میں عربوں کے پسندیدہ اور منتخب قصائد سمجھے جاتے ہیں۔انہیں المعلقات السبع یا سبع معلقات یعنی ’’سات لٹکائے ہوئے‘‘(قصیدے) کا نام دیا جاتا ہے۔ ان کو ’المعلقات‘ یعنی ’’لٹکائے ہوئے‘‘ کیوں کہا جاتا تھا تو اس میں بہت اختلاف ہے۔ابن عبدربه جن کا اصل نام شہاب الدین احمد تھا (ولادت 246ھ وفات 328ھ) اپنی مشہور کتاب العِقْد الفرید جو ادب عربی کے نوادر کے انتخاب پر مشتمل ہے‘ میں اور اسی طرح ان کے ہم عصر مؤرخ اور ادیب ابن رشیق (ولادت 390ھ۔وفات 432ھ) شاعری پر اپنی تنقید اور جرح قدح پر مشتمل بہت مشہور اور مستند کتاب العُمدة فی محاسن الشعر و آدابه و نقده میں لکھتے ہیں کہ ان قصائد کو المعلقات اس لئے کہتے تھے کہ انہیں ریشم پر سونے کے پانی سے لکھ کر خانہ کعبہ کے پردوں پر ان کی پسندیدگی اور عظمت کے اظہار کے لئے لٹکایا گیا تھا۔جب کہ اسی دور کے ایک اور مشہور مؤرخ أبو جعفر النحاس (المتوفی 338ھ) ان معلقات کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ یہ روایت کہ یہ قصائد کعبہ پر لٹکائے ہوئے تھے اس کی کوئی بھی سند نہیں ملتی۔اسی طرح ان سب قصائد کے راوی حماد جو ان مؤرخین سے پہلے گزرے ہیں انہوں نے ان کا نام المعلقات اس لئے رکھا کہ یہ اپنی خوبصورتی اور لوگوں میں پسندیدگی کی وجہ سے ہر چھوٹے بڑے کے ذہن کے ساتھ چمٹے ہوئے تھے۔اسی لئے حماد انہیں السموط کا نام بھی دیتا ہے یعنی ’’وہ ہار جو گلے میں پہنے جاتے ہیں‘‘۔جب کہ مشہور پرانے مؤرخین اور اُدباء جن کی تصانیف عربی ادب کی اساس اور بنیاد سمجھی جاتی ہیں یعنی جاحِظ اور المُبرّد اور علی القالی نے ان کو ’’المعلقات‘‘ کا نام ہی نہیں دیا بلکہ انہیں السموط یا السبع الطّوال یا السبعیات کا نام دیا ہے۔

ان قصائد کے ناموں میں بھی اختلاف ہے۔قارئین کی دلچسپی کے لئے ان قصائد کے نام جو عربی ادب کی تاریخ کی کتب میں مذکور ہوئے ہیں وہ درج ہیں یعنی 1۔المعلقات السبع۔ 2۔السبع الطّوال۔ 3۔القصائد السبع الطّوال۔ 4۔الجاہلیات 5۔السبعیات 6۔المعلقات العشر۔ 7۔السموط 8۔المشہورات۔ 9۔المشہورة۔ 10۔المُذہبیات 11۔المعلقات

یہ سات شعراء کے سات قصائد پر مشتمل قصائد کا مجموعہ ہے شعراء کی تعداد اور ان کے ناموں میں بھی اختلاف ہے لیکن ہم ان قصائد کے ناموں کے اختلافات اور ان کے شعراء کی تعداد اور ان کے ناموں میں اختلاف کے مبحث کو محققین اور عربی ادب کے سکالرز کے لئے چھوڑتے ہوئے عام قاری کے لئے ان مشہور قصائد اور ان کے شعراء کا تعارف اور ان کی شاعری اور ان کے قصائد کی خصوصیات اور ان میں سے بعض منتخب اشعار کا ترجمہ درج کرتے ہیں۔

طوالت سے بچنے کے لئے عربی شعر لکھنے کی بجائے صرف ان کے ترجمہ پر اکتفاء کیا گیا ہے

1۔امرؤ القیس

اس کا قصیدہ ان سات مشہور قصائد میں سے سب سے پہلا ہے۔ زمانہ جاہلیت کا چوٹی کا شاعر جسے جاہلیت کے تمام شعراء کا امام اور قائد کہا جاتا ہے۔اس کی وفات آنحضرت ﷺ کی پیدائش سے 30 ‘40 سال قبل یعنی 530 یا 540 عیسوی میں ہوئی۔اس کا باپ کندۃ کی شاہی نسل سے تھا اور بنو اسد کا بادشاہ تھا۔ (کندۃ کی مملکت نجد کے علاقہ میں قائم تھی) اس کی والدہ کُلیب اور مشہور قدیم عربی شاعر مُھلھل ابن ربیعہ کی بہن تھی۔عیش و عشرت اور شاہانہ ماحول میں اس کی پرورش ہوئی چنانچہ اس کی عادتیں بگڑ گئیں اور جاہلیت کی تمام بدعادات کو اس نے اختیار کر لیا۔اس کی آوارگی اور گھٹیا عادات کی وجہ سے اس کے باپ نے اسے گھر سے نکال دیا چنانچہ اپنی طرح کے اوباش ساتھیوں کے ساتھ آوارہ گردی میں مشغول رہتا جب اس کے باپ کو اس کی رعایا ہی نے اس کے ظلم کی وجہ سے قتل کر دیا تو اس نے باپ کا انتقام لینے کے لئے اپنے ساتھیوں کو ساتھ لے کر بنو اسد پر حملہ کر دیا لیکن اس کے اپنے ساتھیوں نے اس سے غداری کی اور اسے چھوڑ دیا۔چنانچہ یہ فرار ہو کر قیصر کے دربار میں پہنچا۔قیصر نے اسے بہت عزت و احترام دیا اور اس کی مدد سے اہل عرب پر دوبارہ قابض ہونے کا سوچا لیکن قیصر کے ایک درباری کی سازشوں سے بادشاہ امرؤالقیس کے خلاف ہو گیا اور اسے ایک زہر میں ڈوبا ہوا لباس تحفۃً دیا۔جسے پہن کر اس کے جسم پر زخم بن گئے اور نہایت تڑپ تڑپ کر اس نے جان دی۔اسی لئے اسے ذوالقروح کا نام بھی دیا گیا ہے یعنی خون اور پیپ سے بہنے والے زخموں والا۔اسے ملک الضلیل یعنی ’’گم گشتہ بادشاہ‘‘ کا بھی لقب دیا جاتا ہے کیونکہ یہ اپنے باپ کی بادشاہت حاصل کرنے کے لئے آخر دم تک ادھر ادھر کی ٹھوکریں کھاتا رہا۔

شاعری کا نمونہ

اس کا باغیانہ پن اور آزاد خیالی اور لاپرواہی اور بے خوفی اس کی شاعری سے ٹپکتی ہے۔شاعری میں اگرچہ مشکل الفاظ کا استعمال زیادہ کرتا ہے لیکن شعروں کی عمدہ بندش کی وجہ سے یہ مشکل الفاظ قاری کے دماغ پر بوجھ نہیں بنتے۔اس کی شاعری کی ایک خاص بات اس کا فصیح و بلیغ زبان میں لطیف استعاروں اور تشبیہات کا بیان کرنا ہے جو کئی مضامین کی طرف اشارہ کر رہے ہوتے ہیں۔نیز فطرت کے حوادث و واقعات کا عمدہ بیان اس کی قوت مشاہدہ اور اس کی ذہانت اور باریک بینی پر دلالت کرتا ہے۔کہتے ہیں کہ یہ وہ پہلا عرب شاعر تھا جس نے محبوب کے کھنڈروں پر کھڑے ہو کر رونے کی رسم ایجاد کی جس کی پھر باقی عرب شعراء نے بھی تقلید کی اسے وہ پہلا شاعر بھی کہا جاتا ہے جس نے اپنے محبوب کو نیل گائیوں اور ہرنیوں سے تشبیہ دی علاوہ ازیں رات کی صفات اور اپنے گھوڑے کے اوصاف جس طرح عمدگی کے ساتھ اس نے بیان کئے ہیں وہ بے مثال ہے۔اس کی شاعری میں سے سب سے عمدہ کلام اس کا وہ قصیدہ ہے جو عرب کے جاہلیت کے زمانہ کے مشہور سات قصائد میں سے پہلا ہے۔یہ قصیدہ اس نے اپنی چچازاد عُنَیزہ کی یاد میں لکھا۔اس قصیدہ کا آغاز اس مشہور شعر سے ہوتا ہے۔

قِفَا نَبْکِ مِنْ ذِکْرَی حَبِیبٍ وَمَنْزِلِ
بِسِقْطِ اللِّوَی بَیْنَ الدَّخُولِ فَحَوْمَلِ

ترجمہ: ’’اے میرے ساتھی ٹھہر تا کہ ہم یہاں اپنے محبوب کی یاد اور اس کے ٹھہرنے کی جگہ جو سقط اللوی مقام میں دخول اور حومل جگہ کے درمیان ہے‘ کو دیکھ کر رولیں‘‘

رات کا وصف بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ میرے پر آنے والی رات سمندر کی اُس موج کی طرح تھی جس نے انواع واقسام کے دکھوں اور غموں کے ذریعہ مجھے آزمانے کے لئے مجھ پر اپنے پردے لٹکا دیئے اور جب رات اتنی لمبی ہوگئی کہ اس کا ابتدائی حصہ بھی دور ہو گیا اور اس کا آخری حصہ یعنی اس کا ختم ہونا بھی لمبا ہو گیا تو میں نے رات سے کہا کہ

ألا أیُّھا اللَّیلُ الطَّویلُ ألا انْجَلِی
بِصُبْحٍ وَ مَا الإصْبَاحُ مِنکَ بِأمْثَلِ

کہ اے رات کیا اب بھی تجھ سے یہ صبح کی صورت نمودار نہیں ہوگی (لیکن پھر میں نے سوچا کہ) اگر صبح ہوتی تو وہ بھی دکھوں اور غموں اور بے آرامیوں کے لحاظ سے تیری جیسی ہی ہوگی۔نیز کہتا ہے کہ اے رات تو بھی کیا رات ہے جس کے تارے اپنی جگہ ایسے جمے ہوئے ہیں جیسے انہیں یذبل پہاڑ کے ساتھ بٹے ہوئے مضبوط رسوں کے ساتھ باندھ دیا گیا ہو۔

اسی قصیدہ میں محبوب سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ اے محبوب! اپنے نازنخروں کو چھوڑ دے اگر تم نے مجھ سے جدا ہونے کا پکا ارادہ کر ہی لیا ہے تو پھر جدائی کا کوئی خوبصورت اور مناسب طریق اختیار کر۔تیری آنکھیں صرف اس لئے آنسو بہاتی ہیں کہ اپنے (ان آنکھوں کے) دونوں تیروں سے میرے پہلے سے قتل شدہ دل کے دس ٹکڑوں کو مزید ٹکڑے ٹکڑے کریں۔اگر میرے کسی رویہ سے تجھے کوئی تکلیف پہنچی ہے تو تُو خود ہی میرے دل کو اپنے دل سے علیحدہ کرنے کی کوشش کر اسی طرح ہی تو مجھ سے جدا ہو سکتی ہے۔

2۔طرفہ بن العبد البکری

ان سات قصائد میں سے دوسرا قصیدہ اس شاعر کا ہے۔جس کا اصل نام عَمرو بن العَبد تھا اور قبیلہ بکر بن وائل الربیعۃ سے اس کا تعلق تھا۔زمانہ جاہلیت کے اکثر شعراء کی طرح یہ بھی اپنے لقب طرفہ سے مشہور ہوا۔طرفہ کا چچا مشہور شاعر المرقش الاکبر کے بھائی کا بیٹا تھا طرفہ کی بہن بھی مشہور شاعرہ تھی جس کا نام الخِرنِق تھا۔اس لئے یہ عجیب بات نہیں کہ طرفہ بچپن ہی سے ایک فصیح و بلیغ اور قادر الکلام بن کر ابھرا باپ کی بچپن میں ہی وفات ہو جانے کی وجہ سے اس کی تربیت غیر مناسب طریق سے ہوئی چنانچہ اسے بیکاری اور کھیل کود اور مے نوشی اور دوسری بدعادات پڑ گئیں جوانی کے نشہ میں آکر اس نے اس وقت کے بادشاہ عَمرو بن ھند کی ہجو کر دی چنانچہ روایات کے مطابق اسے بادشاہ نے قتل کروا دیا۔یہ جب قتل ہوا اس وقت اس کی عمر 26 سال بیان کی جاتی ہے۔اس کے قتل یا وفات کا سن 570 عیسوی بیان کیا جاتا ہے۔

شاعری اور قصیدہ

شاعری میں طرفہ کی دسترس کا یہ بہت بڑا ثبوت ہے کہ انتہائی کم عمری میں اس کی وفات ہوئی اور اس کے باوجود اس کی شاعری زمانہ جاہلیت میں اتنی مشہور ہو چکی تھی کہ اس کا شمار عرب کے ان سات مشہور شعراء میں ہونے لگا جن کے قصائد زبان زد عام تھے لیکن افسوس یہ ہے کہ اس کے اس قصیدہ کے علاوہ اس کی شاعری ہم تک نہیں پہنچ سکی۔اس کی شاعری میں راست گوئی نمایاں ہے اس لئے کسی چیز کے اوصاف بیان کرنے میں اس نے مبالغہ آرائی سے کام نہیں لیا۔

اپنے قصیدہ میں وہ اپنا فلسفہ حیات بیان کرتا ہے جو دراصل جاہلانہ اور گمراہ کن خیالات پر مشتمل ہے ایسے گمراہ کن خیالات جو اسے اُس ماحول میں ورثہ میں ملے تھے یعنی زندگی عیش و عشرت اور لذت اور سرور حاصل کرنے کا نام ہے اور چونکہ موت سے کسی کو مفر نہیں اور دائمی زندگی کسی کو حاصل نہیں اس لئے عیش و عشرت سے سیراب ہو کر مرنا چاہیے۔اس کے بعد اس قصیدہ میں اپنے عزیز و اقارب کی طرف سے اپنے اوپر ہونے والے مظالم اور ان کے دولت نہ دینے پر رنج و غم اور مایوسی کا اظہار کرتا ہے۔آخر میں وہ کہتا ہے کہ زمانہ کے دن خود ہی ایک روز اس کے نظریات اور آراء کی صداقت پر دلائل دیں گے۔اس قصیدہ کو اگر بحیثیت مجموعی دیکھا جائے تو یہ ایک مضطرب اور غمگین اور مایوس طرفہ کا تصور پیش کرتا ہے قصیدہ کا پہلا شعر درج ہے۔

لِخَولَۃَ أطلالٌ بِبُرقَۃِ ثَھمَدِ
تَلُوحُ کَباقی الوَشمِ فی ظَاھِرِ الیَدِ

یعنی خولہ نامی عورت جہاں رہتی تھی وہاں اس کے آثار نمایاں ہیں اور اس طرح خوبصورت اور چمکدار ہیں جس طرح کسی عورت کی ہتھیلی کی پچھلی طرف گوندنے (سیاہ رنگ سے یا سرمہ سے نقش و نگار بنانا) کے نشانات سے کچھ باقی رہ جاتا ہے۔

اپنی تعریف میں فخر کے ساتھ کہتا ہے کہ جب میری قوم کہتی ہے کہ کوئی بہادر نوجوان ہے؟ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس نے مجھے ہی بلایا ہے اور میری ہی اسے ضرورت پیش آئی ہے تو پھر میں سستی نہیں کرتا اور ان کی مدد کرتا ہوں۔

زندگی اور موت کے بارے میں کہتا ہے کہ میری نظر میں زندگی ایک ایسا خزانہ ہے جو ہر رات کے گزرنے سے گھٹتا رہتا ہے۔دن رات کی یہ گردش چلتی رہے گی اور ہمارا یہ زمانہ ختم ہو جائے گا۔

قصیدہ کے آخر میں کہتا ہے

سَتُبدِی لکَ الأیامُ ما کُنتَ جاھلاً
وَ یَاتِیکَ بالأخبارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

یعنی زمانہ تم پر خود بخود وہ امور کھول دے گا جن سے تم غافل تھے اور وہ شخص تم تک اطلاعات پہنچائے گا جسے تم نے کوئی زاد راہ (یعنی صلہ یا انعام) نہیں دیا یعنی سچی باتیں اور خبریں تو تم تک ہر حال میں پہنچ کر ہی رہیں گی۔

مشہور سائنسدان

بیرن جانسان جیکب برزیلیئس

1779ء تا 1848ء

جس طرح لوگ اکثر تبدیلیوں کو جلدی قبول نہیں کرتے، ویسے ہی وہ سائنسدان جنہوں نے قدیم تعلیمات حاصل کی تھیں، اپنے کام کو نئے انداز سے کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتے تھے۔چنانچہ جان ڈالٹن جیسے قابل ترین شخص نے برزیلیئس کی تجاویز کو ’’دہشت ناک‘‘ گردانا اور دوسرے کیمیادانوں کا رویہ بھی معاندانہ تھا۔اس قسم کے ردعمل کے باوجود برزیلیئس کے عملی کام نے بہت زیادہ اثر پکڑنا شروع کر دیا۔جلد ہی بااثر سائنسدانوں نے عناصر کے ناموں کے لئے لاطینی حروف استعمال کرنا شروع کر دیئے۔لہٰذا برزیلیئس اپنی باوضع اور انتہائی اہمیت کی حامل علامات پر فخر کر سکتا تھا جنہیں بعد میں بین الاقوامی حیثیت حاصل ہو گئی۔ہر سائنسی اجتماع میں برزیلیئس کا نام وقوع پذیر ہونے لگا۔نئے عناصر کی دریافت کی وجہ سے اس کی شہرت کو چار چاند لگ گئے۔اس کے دریافت کردہ عناصر یہ تھے۔تھوریم، سیریم اور سلینیم۔ وہ پہلا سائنسدان تھا جس نے سلیکون کو اس کی ابتدائی شکل میں تیار کیا اور زرکونیم کو علیحدہ کیا۔تاہم بدقسمتی اور بیماری نے اس کے قدم لڑکھڑا دیئے۔لیبارٹری میں ہونے والے ایک بڑے دھماکے نے اسے مہینوں کے لئے ہسپتال پہنچا دیا۔اس حادثے سے اس کی بینائی پر بھی اثر ہوا اور وہ تقریباً نابینا ہو گیا۔اکثر اس کے سر میں شدید درد اٹھتا اور اسے یقین ہو گیا کہ یہ درد اسے چاند کی مختلف حالتوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے وہ دیوانہ ہو گیا ہو اور اس میں کوئی روح اتر آئی ہو۔جب نیا چاند پورا ہوتا تو صبح آٹھ بجے سے رات آٹھ بجے تک برزیلیئس پر سر درد کا شدید حملہ ہوا کرتا تھا۔

برزیلیئس نے دو ہزار سے زائد کیمیاوی مادوں پر انتہائی محنت سے تحقیقات کیں۔یہ کام اس نے 1826ء میں کیا اور اس کی دریافتیں جو اس نے اپنی پرانی تجربہ گاہ میں نامکمل آلات اور کیمیائی اجزاء کی مدد سے کی تھیں، حیران کن حد تک درست اور معیاری تھیں۔

مکرم محمد طارق محمود صاحب

محنتی، دیانتدار، خاموش طبع اور ہنس مکھ خادم سلسلہ

مکرم عنایت اللہ صاحب خالد کا ذکر خیر

زندگی انسان کی مانند مرغِ خوشنوا
شاخ پر بیٹھا کوئی دم چہچہایا اڑ گیا

خاکسار باقاعدہ 1999ء میں محلّہ دارالعلوم شرقی نور میں آ کر آباد ہوا۔اس وقت پرانے واقف کاروں میں سے ایک مکرم عنایت اللہ صاحب خالد بھی تھے۔جو محلّہ میں بطور سیکرٹری مال خدمت بجالا رہے تھے۔خاکسار 1979ء تا 1982ء میرپورخاص میں مربی ضلع کے طور پر مقرر تھا۔اس لئے وقتاً فوقتاً ضلعی پروگراموں میں بھی جانا ہوتا تھا اس وقت محترم عنایت اللہ صاحب خالد محمد آباد سٹیٹ میں بطور ڈرائیور (ٹریکٹر) خدمت بجالا رہے تھے۔

محترم عنایت اللہ صاحب خالد 25/اکتوبر 1930ء کو مدرسہ چٹھہ میں ایک شیعہ فیملی کے گھر پیدا ہوئے 18 سال کی عمر میں احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب ہوئی جس پر ان کے والد محترم عالم دین صاحب نے انہیں احمدیت قبول کرنے کی وجہ سے گھر سے بے دخل کر دیا اور کہہ دیا کہ تم میری طرف سے مر گئے ہو۔ظاہر ہے اس عمر میں نوجوان مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں لیکن ایمان کی مستحکم چٹان اور بلند عزم نے انہیں متزلزل نہ ہونے دیا۔جب آپ کو والد صاحب نے گھر سے نکال دیا تو اس کے بعد محترم عنایت اللہ صاحب ربوہ آ گئے۔اور سیدنا حضرت المصلح الموعود سے ملاقات کے بعد فرقان بٹالین میں شامل ہو کر کشمیر چلے گئے وہاں سے واپسی پر سیدنا حضرت المصلح الموعود نے آپ کو محمد آباد سٹیٹ تحریک جدید کی زمینوں پر بھجوا دیا۔جہاں پر آپ نے تقریباً 42 سال بطور ٹریکٹر ڈرائیور خدمت کی توفیق پائی۔اس طرح 1992ء میں ریٹائرمنٹ کے بعد آپ ربوہ شفٹ ہو گئے۔

ان سارے مشکل حالات کے باوجود آپ نے بڑے صبر شکر اور دعا سے اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت کا انتظام کرتے تھے۔ان کی جماعت سے محبت اور خلیفہ وقت سے عشق ہی کا نتیجہ ہے کہ اس وقت آپ کے دو بیٹے مکرم اسد اللہ غالب صاحب مربی سلسلہ ریسرچ سیل ربوہ اور مکرم محب اللہ صاحب خالد مربی سلسلہ بورکینا فاسو میں خدمت بجالا رہے ہیں۔خدا تعالیٰ ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے اور محترم عنایت اللہ خالد صاحب کی نیک دعاؤں کو جاری و ساری فرمائے۔

مرحوم گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے۔باوجود یہ کہ مال کا شعبہ انتہائی نازک اور محنت طلب ہے۔چندہ وصول کرتے وقت تلخی بھی ہو جاتی ہے لیکن ان کے اوصاف میں سے یہ وصف تھا کہ کبھی کسی سے ناراض نہیں ہوئے۔آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹاتے پوچھا جاتا کون۔بڑی دھیمی آواز میں کہتے۔

السلام علیکم عنایت اللہ سیکرٹری مال

10-12 سال کے عرصہ میں کبھی ایک سال بھی ایسا نہیں آیا کہ جب بجٹ پورا نہ ہوا ہو۔آدمی سوچ سکتا ہے کہ بجٹ پورا تو سب کر لیتے ہیں لیکن ان کے بارہ میں اتنا عرض کردوں کہ یہ 1996ء سے ہارٹ کے مریض تھے۔انجیو پلاسٹی بھی ہو چکی تھی۔مزید یہ کہ مثانے کا کینسر بھی ہو گیا تھا۔اس کے باوجود اپنے فرض کو انتہائی محنت اور دیانت داری سے ادا کرتے رہے۔ ع

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

ماہ جون 2008ء کے ابتدائی دنوں میں محترم عنایت اللہ صاحب کو پیشاب کی بندش کی تکلیف ہوئی اور ساتھ ہی پیشاب کی بجائے مثانے سے خون آنے لگا انہیں فضل عمر ہسپتال داخل کروایا گیا۔وہاں انہوں نے انہیں پیشاب کے لئے نالی لگادی۔

دو تین دن بعد وہاں رہنے کے بعد مختصر سی رخصت پر گھر آ گئے۔نالی لگی ہوئی تھی۔خاکسار کسی کام سے نماز فجر کے بعد واپس گھر آ رہا تھا تو دیکھا کہ محترم عنایت اللہ صاحب تھیلا ہاتھ میں پکڑے سڑک پر آہستہ آہستہ جا رہے ہیں میں نے پوچھا آپ کدھر جا رہے ہیں کہنے لگے مالی سال کا آخری مہینہ ہے ایک گھر سے چندہ لینے جا رہا ہوں۔

اپنی ذمہ داری کا اتنا احساس واقعی قابل رشک بات ہے کہ سخت بیماری کی حالت میں بھی، چلنے سے معذور، چندہ کی وصولی کیلئے جا رہے ہیں۔

بہرحال چند دن تک ان کی یہ تکلیف چلتی رہی۔

کبھی ہسپتال کبھی گھر 23 جون کا دن آ گیا۔خاکسار 23 جون کو عصر کی نماز کے لئے مسرور ہال پہنچا تو مجھے پیغام ملا کہ عنایت اللہ صاحب بلا رہے ہیں۔کہ آپ بھی آئیں اور محترم ملک بشیر الحق صاحب سیکرٹری وصایا کو بھی ساتھ لے آئیں۔نماز سے فارغ ہو کر ہم دونوں ان کے گھر پہنچے تو انہوں نے والہانہ استقبال کیا ان سے پوچھا کہ کیا ارشاد ہے تو کہنے لگے چیک اپ کیلئے صبح لاہور جانا ہے۔اس لئے آپ محترم ملک بشیر صاحب کو کہیں کہ وہ میری عدم موجودگی میں کام کریں۔کیونکہ مالی سال ختم ہونے میں چند دن باقی ہیں۔خاکسار نے کہا کہ محترم ملک صاحب نے کب انکار کیا ہے وہ تو رسید بک لے کر تیار بیٹھے ہیں۔بہرحال خاکسار محترم عنایت اللہ صاحب کے چہرے کو غور سے دیکھتا رہا ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے بائیں جانب کچھ سوزش ہے۔تو یہ معلوم ہی نہ تھا کہ یہ ہماری آخری ملاقات ہے۔کیونکہ اس سے پہلے وہ کافی دفعہ بیمار بھی ہوئے لیکن کبھی پیغام نہ بھجوایا کہ کسی دوسرے کے حوالے کام کیا جائے۔

مورخہ 24 جون کو صبح نماز فجر پر محترم زعیم صاحب مجلس خدام الاحمدیہ نے بتایا کہ رات کو محترم عنایت اللہ صاحب بے ہوش ہو گئے تھے۔ہم ایمبولینس میں انہیں ہسپتال لے گئے۔کافی دیر تک انہیں ہوش نہیں آیا تھا۔

خاکسار کو بہت فکر لاحق ہوئی طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ پہنچا مرحوم لمبے لمبے سانس لے رہے تھے اور بے ہوش پڑے ہوئے تھے۔مصنوعی طور پر ڈاکٹر صاحبان نے سانس کا بندوبست کیا تھا۔ان کی صحت یابی کیلئے اس دوران دوستوں کو دعا کی درخواست کی گئی۔اہالیان محلّہ اپنے اس صوفی منش بزرگ سے ملاقات کیلئے ہسپتال جاتے رہے۔لیکن ان کی وہی بے ہوشی والی کیفیت جاتی رہی۔حتیٰ کہ لاہور، مغربی افریقہ اور جرمنی میں رہائش پذیر ان کے تمام بچوں کو اطلاع ہو گئی کہ ربوہ پہنچ جائیں۔ایک ایک کر کے سارے بچے پہنچے۔مورخہ 30 جون کی رات محترم عنایت اللہ صاحب کی زندگی کی آخری رات ثابت ہوئی اور وہ بعمر 78 سال راہی ملک بقا ہو گئے۔

مرحوم بے حد محنتی، دیانت دار، خاموش طبع، ہنس مکھ اور بہت دھیمی طبیعت کے مالک تھے۔

ان کی وفات پر تعزیت کے لئے آنے جانے والوں کا تانتا بندھا رہا اور کثیر تعداد میں لوگ آ کر سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتے رہے۔ان کی اہلیہ محترمہ بشیرہ آصفہ صاحبہ انتہائی صبر اور تحمل سے اپنے بچوں کو صبر کی تلقین کرتی رہیں۔

مرحوم کے 6 بیٹے اور چار بیٹیاں 12 پوتے 7 پوتیاں 4 نواسے اور 2 نواسیاں ہیں سوائے ایک بیٹی کے سب بچے بفضل اللہ تعالیٰ شادی شدہ ہیں اور اپنے اپنے گھروں میں خوش و خرم ہیں خاکسار ان کی وفات کے بعد جب مورخہ یکم جولائی 2008ء صبح نماز فجر کے بعد چہرہ دیکھنے گیا۔تو گویا یہ اظہار تھا ؎

کون کہتا ہے موت آئی تو مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

مرحوم خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔یکم جولائی کو بیت المبارک میں نماز ظہر کے بعد محترم راجہ نصیر احمد صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی اور پھر ایک کثیر تعداد بہشتی مقبرہ میں تدفین کے لئے گئی۔

مولا کریم انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔آمین

☆☆☆

مکرم ملک نثار احمد صاحب

میری اہلیہ مکرمہ امۃ الباسط صاحبہ

میری اور میری اہلیہ محترمہ امۃ الباسط صاحبہ کی رفاقت 55 سال پر محیط ہے۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمارے چھ بچے جن میں دو بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں۔میں گزشتہ سات سال سے کینیڈا میں مقیم ہوں۔14 جون 2007ء کو امۃ الباسط صاحبہ گردوں کے فیل ہونے سے ہسپتال میں وفات پا گئیں۔بڑا بیٹا اعجاز احمد میت کو لے کر ربوہ پاکستان آیا جہاں بہشتی مقبرہ قطعہ نمبر 7 میں مرحومہ کو جگہ نصیب ہوئی۔میں اپنی علالت کے باعث ساتھ نہ آ سکا۔صرف ایک واقعہ مرحومہ کے بارہ میں پیش خدمت ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ خلافت کے ساتھ ان کی وابستگی کا کیا عالم تھا۔2003ء میں جبکہ ہم مسی ساگا کینیڈا میں مقیم تھے جمعہ کی نماز پڑھنے حسب معمول بیت میں گئے۔جب واپس گھر میں داخل ہوئے تو مرحومہ نے مجھ سے پوچھا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی تحریک مریم شادی فنڈ میں آپ نے کتنا وعدہ لکھوایا ہے میں نے بتایا کہ پچاس ڈالر اور میرے دریافت کرنے پر مرحومہ نے بتایا کہ میں نے پانچ سو ڈالر کا وعدہ لکھوایا ہے۔میں نے دریافت کیا کہ یہ وعدہ کس طرح پورا کریں گی جبکہ ہمیں کرایہ مکان اور چندہ جات وغیرہ ادا کرنے کے بعد کل 150 ڈالر بچتے ہیں جس میں پورے ماہ کا کھانا پینا وغیرہ شامل ہے۔جواباً کہنے لگیں بس آپ دعا کریں اللہ تعالیٰ وعدہ پورا کرنے کی توفیق دے۔چنانچہ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ اس نیک بخت نے دن رات ایک کر کے قریشیا کی مدد سے ٹوپیاں اور میز پوش بنانے شروع کئے جن کو ہر جمعہ کو بیت میں جا کر خواتین میں فروخت کرتیں اور اپنے وعدہ کو جلد ہی پورا ادا کر دیا۔

اللہ تعالیٰ مرحومہ کی اس نیکی کو قبول فرماتے ہوئے مرحومہ کو اپنی رحمت میں جگہ عطا کرے۔آمین۔

خلافت سے وابستگی، اطاعت اور نظام جماعت کی اطاعت میں ہمیشہ پیش پیش دیکھا۔امیر جماعت نے جو بھی تحریک کرنی اس پر بھی ہمیشہ لبیک کہا۔مرحومہ خوش مزاج بھی تھیں اور خوش آواز بھی تھیں نظمیں زبانی یاد تھیں اکثر ترنم سے پڑھتی رہتیں۔بے حد محنتی تھیں۔ہمیشہ صحت کی حالت میں اپنے ہاتھ سے کام کرنے کو ترجیح دیتی تھیں۔بچوں کی خوب تربیت کا حق ادا کیا۔ہاں! بہت متوکل تھیں۔قرآن کریم سے بہت محبت تھی۔بکثرت تلاوت کرنا معمول تھا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے وکرم سے سب قبول کرے۔آمین۔

☆☆☆

ماخوذ

موبائل فون مسلسل استعمال کے نقصانات

موبائل فون صرف سٹیٹس سمبل ہی نہیں بلکہ آج کی ضرورت کی حیثیت بھی اختیار کر چکا ہے۔ جسے دیکھیں ہاتھ میں موبائل فون لئے پھرتا ہے۔ اگر اسے ضرورت کے لئے استعمال کیا جائے تو بات بنتی ہے اگر وہ شوپیس کے طور پر بلاضرورت رکھا جائے تو بیوقوفی کی بات ہے۔ آجکل سکول کے چھوٹے چھوٹے بچے موبائل فون تھامے نظر آتے ہیں۔ ہر شخص اس فوبیا میں مبتلا ہے کہ اس کے پاس قیمتی سے قیمتی فون سیٹ موجود ہونا چاہئے۔ کیمرے والے فون سیٹ کی مانگ شدید ہے، بنایا تو اچھے مقصد کے لئے گیا تھا مگر اسے مذموم مقاصد کے لئے بھی استعمال کیا جانے لگا ہے۔ موبائل فون کی وبا ہمارے ملک میں پھیل چکی ہے جسے دو وقت روٹی بھی مشکل سے میسر آتی ہے وہ بھی مہنگا موبائل فون قسطوں پر حاصل کر لیتا ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ موبائل فون کے بغیر زندگی ادھوری ہے یہ سٹیٹس سمبل بن چکا ہے۔

اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ موبائل فون نے پوری دنیا کو گلوبل ولیج کی حیثیت دے دی ہے جس وقت اور جہاں چاہیں آپ کال ملا کر بات کر سکتے ہیں۔ مواصلات میں موبائل فون نے ایک عظیم انقلاب برپا کر کے رکھ دیا ہے۔ ہم ہوائی جہاز میں ہوں، ٹرین میں سفر کر رہے ہوں، بس میں سوار ہوں، کسی جنگل میں موجود ہوں، کسی بند کمرے میں ہوں، کسی دور دراز کے گاؤں میں موجود ہوں لمحہ بھر میں کہیں بھی بات کر سکتے ہیں۔

چند سال پہلے اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ موبائل فون کی افادیت کا اس وقت پتہ چلتا ہے کہ جب ہمیں کسی ایمرجنسی کی صورتحال سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ موبائل فون کے آنے سے وقت اور فاصلے سمٹ چکے ہیں تو اس کی افادیت کا پہلو ہے مگر بعض لوگ صرف وقت گزارنے کے لئے یا دوسروں کو تنگ کرنے کے لئے اس کا بے جا استعمال کرتے ہیں۔

دنیا بھر میں ڈرائیونگ کے دوران سیلولر فون کا استعمال منع ہے مگر ہمارے ہاں آزادانہ ڈرائیونگ کے دوران فون استعمال کیا جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس وجہ سے بھی حادثات میں اضافہ ہو رہا ہو، موٹر سائیکل چلاتے وقت بھی لوگ فون استعمال کر رہے ہوتے ہیں جو بے حد خطرناک صورتحال ہے۔ سائیکل سوار بھی فون استعمال کر رہے ہوتے ہیں حالانکہ چاہئے تو یہ کہ کسی جگہ بیٹھ کر فون کال کریں یا کال سنیں تاکہ حادثات سے محفوظ رہ سکیں مگر اس کی کوئی پابندی نہیں کی جاتی۔ لوگ شاپنگ کرتے ہوئے، سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، دفتروں کے اندر، تعلیمی اداروں کے اندر فون کرتے سنتے نظر آتے ہیں اور یہ اکثر بلاوجہ اور بلاضرورت ہوتا ہے۔

فون کمپنیوں نے لوگوں کو اس قدر مسحور کر دیا ہے اور ایسے سستے پیکج دیئے ہیں کہ ہر ایک اس دوڑ میں لگا ہوا ہے اس کے پاس بہتر سے بہتر ماڈل کا فون سیٹ ہو اور کیمرے والا سیٹ تو لازمے کی حیثیت اختیار کر گیا ہے جبکہ کسی کو اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بغیر کیمرے والے فون سیٹ سستے داموں فروخت کر کے ہر کوئی کیمرے والا مہنگا سیٹ خرید رہا ہے۔ دن بدن سیلولر فون کی مانگ میں زبردست اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ برمحل ہے کہ ہمارے ملک میں ان کمنگ بالکل فری ہے اور دوسری کالوں کے چارجز بھی برائے نام ہیں۔ کسی وقت فکسڈ فون سیٹ غنیمت سمجھا جاتا تھا اور اسے سٹیٹس سمبل قرار دیا جاتا تھا مگر ان میں خرابی واقع ہونے کی وجہ سے لوگوں کو PTCL کے دفاتر کے بار بار چکر لگانا پڑتے تھے، تاریں ٹوٹ جانے کی صورت میں بھی فون منقطع ہو جاتا تھا اور کئی کئی دن تاریں ٹھیک کرنے میں لگ جاتے تھے مگر اب اس صورتحال سے مکمل خلاصی ہو چکی ہے۔ فکسڈ فون لگانے کی طرف رجحان بھی ختم ہو گیا ہے بس موبائل فون خرید لو اور کارڈ حاصل کر کے اسے استعمال کرو، نہ کوئی لائن رینٹ ہے نہ تاریں ٹوٹنے کا خدشہ، نہ کسی اور سبب سے Disconnect ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سیلولر فون کی مانگ بڑھتی جا رہی ہے۔

